سوال

(115) مقتدی رکوع سے سر اٹھاتے وقت کیا پڑھے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

باجماعت نماز کے دوران جب امام رکوع سے سر اٹھا کر سمع اللہ لمن حمدہ کہتا ہے تو پیچھے مقتدی کو کیا کرنا چاہیے ۔ (شیخ ثاقب رحیم محمدی ، وہاڑی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مقتدی کو رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے بھی سمع اللہ لمن حمدہ ، ربنا لک الحمد پڑھنا چاہیے ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تسمیع و تحمید دونوں کہتے تھے آپ اکثر اوقات امام ہی ہوتے تھے لیکن چند دفعہ مقتدی بھی بنے ہیں جیسا کہ ابوداؤد وغیرہ میں ہے اور آپ کے تسمیع و تحمید کہنے کی احادیث عام ہیں دونوں حالتوں کو شامل ہیں تفصیل کے لئے مجلہ الدعوۃ کی طرف مراجعت کر لیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصلوٰۃ، صفحہ: 161

محدث فتویٰ